تاریخ کے اوراق میں بہت سی ان عظیم الشان قربانیوں کا تذکرہ موجود ہے جو حق و صداقت کے لیے پیش کی گئی تھیں، انہی عظیم الشان قربانیوں میں اس قربانی کا بھی شمار ہے جو آج سے تیرہ سو سال پہلے امام حسینؑ اور ان کے بہتر بلند پایہ اصحاب نے ۱۰ محرم کو کربلا کے مشہور و معروف میدان میں پیش کی تھیں۔

گذشتہ تیرہ سو سال کے عرصہ میں ہر مسلم حکمران اور فرمانروا صرف اپنی مادی طاقت کے بل بوتے پر کم از کم ان مسلمانوں کے روحانی پیشوا ہونے کا دعویٰ کر سکتا تھا جو اس کے زیر نگین تھے، اگر ایسا ہوتا تو اسلام اپنے ابتدائی دور میں ہی فنا ہو جاتا۔

امام حسینؑ اور ان کے متعدد اصحاب نے اپنے خون کی قربانی پیش کر کے اسلام کو فنا ہونے سے بچا لیا۔

میری دعا ہے کہ ایسے کارنامے ہم سب کو محبت و الفت اور مساوات کے درس دیتے رہیں اور ہمیں ایک دوسرے کے جذبات اور ناکامیابیوں کا زیادہ سے زیادہ احساس رہے، اور ان کی بدولت ہمارے دل انتقام



Marfat.com

یاکریں گے۔ بلکہ آیندہ دنیا میں جابر یزید اور اس کے حواریوں کا کوئی نام
ابھی باقی نہ رہے گا۔

مذہب اسلام کے موجودہ عروج و ترقی میں حضرت امام حسین اور ان
عزیز و اقارب و رفقاء کی شاندار قربانیوں کا راز مضمر ہے۔ اس وجہ
ے حضرت کا نام تمام دنیا میں آج عزت و احترام سے لیا جاتا ہے اور
ب تک دنیا قائم ہے۔ شہادت اور قربانی کے شیدائی حضرت کی یادگار
ی خلوص اور صدق دل سے مناتے رہیں گے جس طرح ہم منا رہے ہیں۔

سردار سنت سنگھ (پریذیڈنٹ یوپی سنٹرل سکھ دیوان و
ایڈیٹر الفاف)۔

(یادگار حسینی منعقدہ لکھنؤ)



Marfat.com

امام حسینؑ نے کربلا کے میدان میں آج سے تیرہ سو سال قبل جو قربانی پیش کی تھی۔ وہ ہمارے لئے ایک نمونہ ہدایت ہے اور صدق و باطل کے معرکہ میں ہم کو اپنا حق ادا کرنے کی ہمت دلاتی ہے۔ امام حسین نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ شکست کھائی مگر اس شکست میں لافانی فتح مضمر ہے۔ امام حسینؑ نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اگر صحیح روح، سچے عزم اور بلند مقصد کو پیشِ نظر رکھا جائے تو دشمن کی کثیر تعداد کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔

(سر بہرام جی۔ جی۔ جی بھائی (سابق صدر امپیریل بنک آف انڈیا)
(حسینی پیغام۔ بمبئی)

Marfat.com

حسینؓ میں صبر و استقلال زیورِ اخلاق کے وہ اعلیٰ جواہر اور کمالات موجود تھے، جو عام انسانوں میں نہیں پائے جاتے اس لئے حسینؓ کی ذات خود ایک معجزہ ہے۔ حسینؓ کی بہادری اور شجاعت کی مثال شاید ہی دنیا کبھی پیش کر سکے۔ اقوامِ عالم کی تاریخ کبھی کوئی ایسا سورما پیش نہ کر سکی جو ہزاروں سے یکہ و تنہا لڑا ہو اور بہ رضا و رغبت مرنے پر تیار ہو گیا ہو۔

(انجام کراچی)

حسینؓ اپنے شش ماہے کو گود میں لئے ہوئے تھے آپ اس بچے سے نہایت مانوس تھے اور بے حد محبت کرتے تھے۔ آپ نے اپنی محبت بھری نظروں سے اس کی طرف دیکھا ہی تھا کہ ایک زہر آلود تیر آیا اور معصوم کے دل کو چیر گیا۔ باپ کی گود میں بچے کی خون آلود لاش رہ گئی۔ حسینؓ نے اپنے دونوں ہاتھ زخم کے نیچے لگا دیئے چُلّو جب تیز بہتے ہوئے خون سے بھر گئے تو غم زدہ باپ نے آسمان کی طرف پھینک دیا۔

پاگل اور مجنون دشمنوں کی ٹڈی دل فوج اور زرہ پوش رسالے جو محض اپنی کثرتِ تعداد پر مغرور ہو کر بہادر بنے ہوئے تھے۔ ہر طرف



Marfat.com

